PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹا سیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جا رہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)


متوقع بارش (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۳)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۳)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۳)



ستمبر سے نومبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص شمال مغربی حصوں میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔

**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
# National Agromet Center
**H-8/2, Islamabad**


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (بارش)


- ستمبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص زیریں سندھ کے جنوب مشرقی علاقوں میں معمول کے قریب یا معمول سے قدرے کم بارش متوقع ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر وسطی وبالائی حصوں بالخصوص خیبر پختونخواہ، شمالی پنجاب، گلگت بلتستان اور کشمیر میں معمول سے قدرے زیادہ بارش کا امکان ہے۔ جبکہ ملک کے بیشتر جنوبی حصوں بالخصوص پنجاب، بلوچستان اور سندھ میں معمول سے قدرے زیادہ بارش کی توقع ہے۔
- نومبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر شمال مغربی حصوں بالخصوص خیبر پختونخواہ میں معمول سے قدرے زیادہ جبکہ زیریں نصف میں معمول کے قریب بارش متوقع ہے۔

## درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)


متوقع درجہ حرارت (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۳)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۳)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۳)




ستمبر سے نومبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص شمال مشرقی علاقوں بشمول گلگت بلتستان، کشمیر اور مغربی بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔


PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)

- ستمبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص شمال مشرقی علاقوں بشمول خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول کے قریب یا معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ جبکہ پنجاب اور سندھ کے میدانی علاقوں میں صورتحال معمول کے مطابق رہنے کا امکان ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص مغربی بلوچستان، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔
- نومبر ۲۰۲۳ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص مغربی اور شمال مشرقی علاقوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔

## اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۳)





خطہ پوٹھوہار میں ماہ ستمبر میں اچھی مقدار میں بارشوں کے امکانات ہیں جبکہ اکتوبر سے نومبر کے دوران نسبتاً کم بارشیں متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں بھی ستمبر کے مہینے میں اچھی جبکہ اس مدت کے آخری دو ماہ کے دوران نسبتاً کم بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق کم ہونے کی توقع ہے۔

## جنوبی پنجاب





جنوبی پنجاب میں ستمبر میں قدرے اچھی جبکہ اکتوبر سے نومبر میں کم بارشیں متوقع ہیں۔ اور اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز پر بتدریج کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی سندھ




بالائی سندھ میں اگلے تین مہینوں کے دوران بتدریج کم بارشیں متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز پر مسلسل کمی متوقع ہے۔

## زیریں سندھ





زیریں سندھ میں اس مدت کے ابتدائی ماہ کے دوران نسبتاً اچھی بارشوں کی توقع ہے۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی خیبر پختونخواہ




بالائی خیبر پختونخواہ میں اگلے تین ماہ میں اچھی بارشیں / برف باری متوقع ہے۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ





زیریں خیبر پختونخواہ میں ماہ ستمبر میں اچھی مقدار میں جبکہ اکتوبر سے نومبر کے دوران نسبتاً کم بارشیں / برف باری متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مشرقی بلوچستان




شمال مشرقی بلوچستان میں آئندہ تین ماہ کے دوران بالخصوص اکتوبر میں کم بارشوں کے امکانات ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں اس مدت کے دوران بالخصوص آخری دوماہ میں کم بارشیں متوقع ہیں۔اور اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز پر کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران اچھی بارشوں / برف باری کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق بتدریج کمی متوقع ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیء کشمیر میں اگلے تین مہینوں کے دوران اچھی مقدار میں بارشوں کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز پر کمی کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

فی الوقت مون سون کی وافر مقدار میں ہونے والی بارشوں کے باعث ملک کی بیشتر زرعی زمینوں بالخصوص شمالی نصف میں نمی کی مناسب مقدار موجود ہے۔ اس لئے زیادہ تر حصوں میں موجود کھڑی فصلوں اور سبزیوں / باغوں کی صورتحال تسلی بخش ہے۔ تاہم بارشوں / تیز ہواؤں / ژالہ باری سے چند مخصوص مقامات پر موجود موسمی سبزیوں اور پھلوں کو نقصان پہنچاہے۔ اس کے علاوہ ماہ اگست میں ملک کے زیریں نصف میں بہت کم بارشوں کے باعث ان علاقوں میں نمی کی مقدار پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

اگلے تین ماہ کے دوران درجہ حرارت میں موسمی طرز پر بتدریج کمی کے علاوہ، ملک کے بالائی علاقوں میں معمول سے قدرے زیادہ بارش کی توقع ہے۔ جبکہ ملک کے زیریں حصوں میں قدرے کم بارشوں ک اامکان ہے۔ جسکے باعث ان علاقوں میں فصلوں اور سبزیوں کے لیے اضافی آبپاشی درکار ہوگی۔

اہم بات یہ ہے کہ ستمبر اور اکتوبر میں ملک کے زیریں حصوں میں موجود موسم خریف کی فصلیں تکمیل کے مراحل میں ہوتی ہیں۔ اس لئے ان علاقوں کے کسان محکمہ زراعت کے مشورے سے اپنی کٹائی وقت پر مکمل کرلیں اور اکتوبر / نومبر میں ربیع کی فصلوں کی بوائی کے لیے کھیتوں کو تیار کریں۔

Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk